ایسٹ لودھین سیکشول ابیوز سروس
(East Lothian Sexual Abuse Service – ELSAS)
ایسٹ لودھین میں خواتین، جن کو جنسی ذیادتی کا سامنا کرنا پڑا ہُو اُن کے لئےمفت اور رازدارانہ خدمت

ہم کون ہیں
ایسٹ لودھین سیکشول ابیوز سروس (East Lothian Sexual Abuse Service – ELSAS)، یہ سروس ایسٹ لودھین میں خواتین ، بارہ سال اور اُس سے بڑی عمر کی لڑکیاں اور مختلف جنسی کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے تمام افراد کے لئے ہے جو جنسی ذیادتیوں کا سامنا کر رہی ہیں یا کر چکی ہُوں ۔

ہم ائیڈنبرا ویمنز ریپ اینڈ سیکشول ابیوز سنٹر - (Edinburgh Women's Rape and Sexual Abuse Centre , EWRASAC) کا حصہ ہیں جو کہ جب سے کھلا ہے، 1978 سے جذباتی اور عملی سہارے ، ہزاروں لڑکیوں اور خواتین کو اور اُن کے ہما یتیوں کو معلومات اور مشورات فراہم کر چُکا ہے

ہم کہاں ہیں
ELSAS ایسٹ لودھین کے قریب قائمشدہ ہے اور جہاں آپ کے لئے زیادہ آرام دہ ہُو ہم وہیں آپ کو مدد دینے کی کوشش کریں گے ۔ اگر آپکو چلنے پھرنے میں دشواری ہُو یا سفر کرنے یا مالی طور پر گاڑی میں سفر کرنے کے لئے کرایہ کی مشکلات درپیش ہُوں تو ہم آپکے ساتھ گھر میں ملنے کا بندوبست کر سکتے ہیں۔

ہماری سہارہ فراہم کرنے والی خدمت
ہم آپکے حوصلے اور ہمت کی داد دیتے ہیں کہ جس طرح آپ نے اپنی جنسی ذیادتیوں کے تجربے کے بارے میں ہمارے ساتھ بات چیت کر کے جس جُرت کا مظاہرہ کیا ہے ۔

جب آپ ہم سے ربطہ کریں گئی :
- ہم آپکا یقین کریں گے
- ہم آپکو سنیں گے
- ہم آپکا ساتھ دیں گے

ہم ہر قسم کی خو اتین کے ساتھ کام کرتے ہیں ، خواہ وہ کسی بھی عمر، نسل، معاشرے، جنسی دھارس، معزوری، مزہب یا تہزیب سے تعلق رکھتی ہُوں۔ اگر آپکو ہماری کسی بھی خدمت کے باے میں کوئی سوال پوچھنا ہُو تو برائے کرم ہم سے رجُو کریں۔

ہم کس طرح کام کرتے ہیں
ہماری سروس خواتین کے لئے ہے اور خواتین ہی چلاتی ہیں۔ ہم خواتین کی خودمختاری کے لئے کام کرتے ہیں تاکہ وہ دیکھیں کے اُنہیں کیا پسند ہے اور اُس کے بارے میں خود ہی فیصلے کریں۔ ہم آپکو معلومات اور سہارا فراہم کر سکتے ہیں، لیکن ہم سمجھتے ہیں کہ آپ اپنی زندگی کے بارے میں خود ماہر ہیں۔ اِس کا مطلب ہے کہ ہم آپکو نہیں بتائیں گے کہ آپ کیا کریں۔

ہم سے رابطہ کرنا
ہمارے ساتھ پہلا رابطہ انگریزی میں ہُونا لازمی ہے۔ اگر آپ ہمارے ساتھ ملاقات متعین کرنا چاہتی ہیں اور آپ انگریزی نہیں بول سکتی تو آپ اپنے بھروسے کا انگریزی بولنے والا دوست یا کسی دوسرے ادارے میں کام کرنے والے کارکن، جیسے کہ ہیلتھ ورکر یا ڈاکٹر سے کہہ کر ہم سے رابطہ کر سکتی ہیں ۔ پھر ہم خاتون مترجم کے ساتھ آپ سے ملنے کے لئے ملاقات مقرر کر ئیں گے۔ ہمیں یہ جاننے کی ضرورت ہُو گئی کہ آپ کون سی زبان بولنے کو ترجیح دیں گی لیکن ہما وقت آپکے پاس اِس چیز کا اختیار ہُو گا کہ ملاقات کیسے متعین کرنی ہے ۔

اگر انگریزی آپکی مادری زبان نہیں ہے اور آپ فون پر کسی سے بات کرنا چاہتی ہیں تو آپ 'ریپ کرائیسس سکاٹلینڈ (Rape Crisis Scotland) کی امدادی لائن پر فون کر سکتی ہیں اور وہ ٹیلیفون پر مترجم کا انتظام کر سکیں گے۔ اُن کی مفت فون کی امدادی لائن ہر روز شام چھ بجے سے لے کر رات بارہ بجے تک کھلی رہتی ہے: **08088 01 03 02**

اگر آپ سماعت سے محروم ہیں یا سننے میں دشواری ہے تو آپ ہمارے ساتھ انگریزی میں ٹیکسٹ کے ذریعے 07980 085 669 پر یا ٹائپ ٹاک کے ذریعے رابطہ کر سکتی ہیں۔ ہم برطانیہ کی اشاروں کی زبان کے ترجمان کا انتظام کر سکتے ہیں۔

رُو برو سہارے

جب آپ ہم سے رابطہ کریں گی، اور اگر آپ چاہیں گی تو ہم آپکے لئے سپورٹ ورکر کے ساتھ رُوبرو معلاقات کی پیشکش کریں گے۔ آپ یہ وقت جیسے چاہیں استعمال کر سکتی ہیں ، ہم بتائیں گے کہ ہم کس قسم کی مدد دے سکتے ہیں ۔ اِس کے بعد، اگر آپ کو دیر تک سہارے کی ضرورت درکار ہُوئی تو، آپ انتظار فہرست میں اپنا نام درج کروا سکتی ہیں ۔ برائے مہر بانی ہمارے ساتھ **07800 604 164** پر یا elsas@ewrasac.org.uk پر رابطہ کریں۔

ٹیلیفون کے ذریعے مدد

انگریزی میں ہم آپکو ٹیلی فون پر مدد دے سکتے ہیں۔ ہم EWRASAC کا حصہ ہیں، جو کہ 0131 556 9437 پر ٹیلیفون امدادی لائن چلاتے ہیں۔ لائن مختلف اوقات پر کھلتی ہے۔ ہم نے اعلٰی معیار کی سپورٹ سروس فرا ہم کرنے کا عدم اُٹھا رکھا ہے۔ اِس وجہ سے ، تھوڑے تھوڑے عرصے بعد ، ہماری امدادی لائن کو اندونی طور پر تربیتی مقاصد کی خاطر سامع کیا جاتا ہے۔

ای میل کے ذریعے مدد

ہم سمجھتے ہیں کہ کچھ لوگوں کو ٹیلیفون پر بات کرنا مشکل لگتا ہے۔ اگر آپ مدد کے لئے انگریزی میں ای میل کے ذریعے رابطہ کرنے کو ترجیح دیتی ہیں تو، آپ اعتماد کے ساتھ ہمیں elsas@ewrasac.org.uk پر ای میل کر سکتی ہیں۔

پولیس کو رپورٹ کرنا

اگر آپ نے پوری طرح سے فیصلہ نہیں کیا ہے کہ آپ نے پولیس میں رپورٹ کرنی ہے یا نہیں تو ، اگر آپ چاہیں تو آپ ELSAS کے ذریعے " دور کی رپورٹینگ " کر سکتی ہیں۔ اِس کا مطلب یہ ہے آپ ہمیں اعتماد کے ساتھ جُرم کی رپورٹ کر سکتی ہیں ، اور پھر ہم آپ کے لئے پولیس سے رابطہ کریں گے۔ اگر آپ اپنا نام خفیہ رکھنا چاہتی ہیں تو آپکی معلومات پولیس انٹیلی جینس ڈیٹابیس میں محفوظ کر دیا جائے گا اور کوئی مزید قدم نہیں اُٹھایا جائے گا۔ رپورٹ کرنے کے بارے میں آپکا جو بھی فیصلہ ہُو ELSAS آپکو سپورٹ کرئے گا۔

دیگر خدمات

ہم EWRASAC کے ساتھ مل کر فیملی، دوستوں اور ساتھیوں کو مدد کی پیشکش کرتے ہیں جو پس مندوں کا ساتھ دے رہے ہیں۔ EWRASAC والے پس مندگانوں کو گروپ سہارے، تائیدی مشورے اور مفت تھیراپیز بھی پیش کرتے ہیں۔ مذ ید معلومات کے لئے ، برائے مہربانی 0131 556 9437 پر رابطہ کریں یا www.ewrasac.org.uk پر جائیں۔

رازداری

جو بھی آپ ہمیں بتائیں گی وہ ہماری سپورٹ ٹیم میں رازداری میں رہے گا۔ ہم کسی کو نہیں بتائیں گے کہ آپکو سہارا دیا جا رہا ہے۔ جبتک آپ نہ چاہیں گی ہم آپکے بارے میں کسی کو کوئی معلومات نہیں دیں گے۔ لیکن کچھ ایسے حالات ہُوتے ہیں جب ہمارے لئے قانونی طور پر دوسرے اداروں کے ساتھ معلومات بانٹنا لازم ہُو جاتا ہے ۔ سپورٹ ورکر قبل از وقت اِس کے بارے میں آپ سے گفتگو کرے گا۔ ہماری رازداری پالسی پر اگر آپکو مذید معلومات درکار ہُو تو ، برائے کرم ہمیں فون کریں یا سپورٹ ورکر سے بات کریں ۔

متعدد معلوماتی دستی اشتہار دستیاب :

مختلف زبانوں میں ہماری ویب سائٹ پر ہمارے پاس متعدد معلوماتی دستی اشتہارات دستیاب ہیں:
www.ewrasac.org.uk ۔ اگر آپ چاہتی ہیں کہ ہم آپکو کاپیاں ارسال کریں تو برائے مہربانی **0131 556 9437** پر فون کریں یا support@ewrasac.org.uk پر ائ میل کریں۔ ہم بغیر نشان کے لفافے میں آپکو ارسال کر دیں گے۔ اگر آپکو بڑے حروف میں معلومات درکار ہُو تو ہم آپکے لئے اس کا انتظام بھی کر سکتے ہیں۔

- EWRASAC کی امدادی خدمات پر معلومت
- فیملی کے لئے ، دوستوں اور ساتھیوں کے لئے معلومات
- اقلیتی نسلیات سے تعلق رکھنے والی ، پناہ گیر اور ریفیوجی خواتین کے لئے معلومات
- تکلیف دے واقعات کے تصوّر کے بارے میں
- خود کو نقصان پہنچانے کے بارے میں
- ہیبت ناک احساسات کے بارے میں
- دی سٹار پروجیکٹ – ایئڈنبراہ میں بارا سے اٹھارہ برس کی جنسی تشدد سے پس ماندہ لڑکیوں کے لئے سہارے

ایسٹ لودھین سیکشول ابیوز سروس
ایئڈنبراہ ویمنز ریپ اینڈ سیکشول ابیوز سینٹر کا حصہ ہے

East Lothian Sexual Abuse Service
Edinburgh Women's Rape and Sexual Abuse Centre
1 Leopold Place, Edinburgh, EH7 5JW

ملاقات اور معلومات: 07800 604 164
ہیلپ لائن: 0131 556 9437
ای میل : elsas@ewrasac.org.uk www.ewrasac.org.uk

ریجسٹرڈ چیرٹی حوالہ۔ SC 006208

نومبر 2010